ثقافت اور میراث کو تحفظ فراہم کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی منصوبہ سازوں کو ہدایت

سرینگر اور جموں شہروں کی شانِ رفتہ بحال کرنے کے اقدامات

جموں//

وزیرِ اعلیٰ محبوبہ مفتی نے منصوبہ سازوں اور پروجیکٹ مرتب کرنے والی ایجنسیوں سے کہا ہے کہ وہ جموں اور سرینگر شہروں میں بنیادی ڈھانچے کو وسعت اور فروغ دینے کے لئے پروجیکٹ مرتب کرتے وقت ان دو شہروں کی ثقافتی اور وراثتی اہمیت ملحوظِ نظر رکھا کریں۔ وزیرِ اعلیٰ جموں میں ۱۹ر دسمبر کو مکانات و شہری ترقی کی طرف سے ان دو شہروں میں عملائے جا رہے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے بعد آفیسروں کے ساتھ خیالات کا تبادلہ کر رہی تھیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے منصوبہ سازوں سے کہا کہ وہ سرینگر اور جموں میں مزید سبزہ زار قائم کرے۔ واک ویز کی بھی گنجائش رکھیں اور ثقافتی میراث کے مقامات کی دیکھ ریکھ کو یقینی بنائیں۔ شہر سرینگر کے لئے ایریا پر مبنی ترقیات کے کاموں میں جہلم کے باندھوں کی جاذبیت بڑھانا' بابا ڈیمب جھیل کی بحالی' ثقافتی جگہوں کی نشاندہی اور بحالی تواریخی بازاروں جیسے مہاراج گنج' بہوری کدل' زینہ کدل کو بڑھاوا دینا' شہر کی جاذبیت میں اضافہ کرنا' عبور و مرور کی سہولیات میں بہتری لانا' سمارٹ سہولیات قائم کرنا اور تواریخی مقامات پر تجاوزات پر قابو پانے جیسے اہم مسئلے شامل ہیں۔ اُنہوں نے وہاں موجود آفیسروں پر زور دیا کہ وہ ثقافتی اور وراثتی اہمیت ملحوظ رکھنے کے ساتھ ساتھ نئے پروجیکٹ مرتب کرتے وقت سرینگر اور جموں شہروں کی وراثتی اہمیت کو ہر قیمت پر محفوظ رکھیں۔☆

مختلف تہواروں پر ثقافتی پروگرام کے انعقاد کی روایت

وزیر مملکت برائے ثقافت نے اکیڈیمی کی سراہنا کی

جموں//

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ' کلچر اینڈ لینگویجز کیا ہتمام سے گورنمنٹ وومن کالج پریڈ کے کالج آڈیٹوریم ہال میں لوہڑی تہوار کے حوالے سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیر مملکت برائے سیاحت' تعلیم اور ثقافت پریا سیٹھی تقریب کی مہمانِ خصوصی تھیں۔ جبکہ پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج وومن پریڈ ڈاکٹر ارن دوبے اور اکیڈیمی کے ایڈیشنل سیکریٹری ڈاکٹر اروندر سنگھ امن بھی ایوانِ صدارت میں موجود تھے۔ تقریب میں محترمہ پریا سیٹھی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اکیڈیمی کو نوجوانوں کے لئے ایسے پروگرام زیادہ سے زیادہ تعداد میں منقد کرنے چاہئیں۔ پروگرام میں لوک موسیقاروں اور فنکاروں نے وزیر مملکت کو بہت متاثر کیا۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے پروگرام میں پیش کردہ رقص و موسیقی کی سراہنا کرتے ہوئے کہا کہ جموں کے فنکار اپنی تہذیب و ثقافت کی نمائش اپنے فن کے ذریعہ ریاست اور بیرون ریاست کر کے اپنی ریاست کا نام روشن کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اپنے رسم و رواج اور تہذیب و ثقافت کو محفوظ کرنے کے ساتھ ساتھ ترقی دینے کے لئے اقدامات اُٹھانے چاہئیں۔ (باقی صفحہ ۲۳ پر)

نامور لوک موسیقار لیش پال لیش کے اعزاز میں تقریب

موسیقی کے شعبے میں اُن کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا

جموں//

''گھرانہ'' سیریز کے تحت جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ' کلچر اینڈ لینگویجز کی طرف سے ابھینو تھیٹر میں ڈوگری کے نامور لوک موسیقار لیش پال لیش اور اُن کے اہلِ خانہ کی اعزاز پوشی کی گئی۔ پروگرام کے آغاز میں ڈوگری کے معروف قلمکار نرمل وکرم نے لیش پال لیش کی زندگی اور فن پر تعارفی مقالہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ لیش پال صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں بلکہ ڈوگری لوک موسیقی ان کی بے لوث خدمات کی مرہونِ منت ہے۔ لیش کا جنم ۱۹۴۸ء میں ضلع کٹھوعہ کے ضورہ گاؤں میں ہوا۔ جموں یونیورسٹی سے بی اے کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد پراچین کیندر چندی گڈھ سے سنگیت بھاسکر کی ڈگری حاصل کی۔ لیش نے اپنی ساری زندگی موسیقی اور لوک موسیقی کی خدمت میں صَرف کردی۔ یہی وجہ ہے کہ ریاستی گورنر کی طرف سے اُنہیں بہترین کمپوزر کے اعزاز کے علاوہ کئی ریاستی اور قومی سطح کے اعزازات سے نوازا گیا ہے۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی (باقی صفحہ ۲۳ پر)

''فخرِ قوم'' کے عنوان سے مصوری کا مقابلہ

مختلف سکولوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا

جموں//

۷ر دسمبر کو جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ' کلچر اینڈ لینگویجز نے 'قوم کا فخر' کے نام سے ایک مصوری نمائش کا اہتمام کیا۔ یہ پروگرام ابھینو تھیٹر جموں میں منعقد کیا گیا جس میں راجیہ سینک بورڈ جموں و کشمیر کا اشتراک بھی شامل تھا۔ مصوری مقابلے میں مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے سو سے زائد طلباء نے حصہ لیا۔ اس دوران ان کو تین گروپوں' انفینٹ گروپ، جونیئر گروپ اور سینئر گروپ میں رکھا گیا تھا۔ انفینٹ گروپ میں آرمی پبلک سکول جموں کینٹ کے دمنی تھاپا نے پہلی اور دہلی پبلک سکول جموں کی وریندا الکا شرما نے دوسری جبکہ آرمی پبلک سکول کی روپالی شرما نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس دوران دہلی پبلک سکول کی عائشہ کو بھی اعزاز سے نوازا گیا۔ جونیئر گروپ میں پہلی پوزیشن ڈی بی این ودیا مندر کے آرین سپرو، دوسری پوزیشن دہلی پبلک سکول جموں کے پراتھمناش شرما جبکہ تیسری پوزیشن سینٹ پیٹرس ہائی سکول جموں کی پون پریت کور نے حاصل کی۔ سینٹ پیٹرس ہائی سکول جموں کے سنکیت رینا کو بھی اعزاز دیا گیا۔ اسی طرح سے سینئر گروپ میں آرمی پبلک سکول جموں کینٹ کے وشال تیواری نے پہلی، ڈی بی این ودیا مندر کے میہم تندپ نے دوسری جبکہ سینٹ پیٹرس ہائی سکول کی گونیشا اگروال نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس گروپ میں دہلی پبلک سکول کے ونشی کول کو بھی اعزاز دیا گیا۔ بھوشن کیسر، وجے آنند اور روہت ورما نے مقابلے کے ججوں کے طور اپنے فرائض انجام دیئے۔

☆☆☆